

Question:
During a polio campaign,
who do we vaccinate?

We vaccinate every child under 5 years old in the household, or in the street, with 2 polio drops.









Question:
After you give a child/baby polio drops, what should you do?

We mark every child's finger
and then we mark the door so
we know how many children
have been vaccinated.




Question:
Which finger is marked?

The littlest finger of the left hand.




RIGHT LEFT


Question:
What is polio?

Polio is a disease that attacks the nervous system. It causes permanent paralysis for life.




Question:
What are the consequences of polio?

The consequences of polio are lifelong paralysis. There is no cure.





Question:
Is there a cure for polio?

There is no cure for polio. Once you have it, you have it for life.




Question:
How is polio spread?

Polio is usually spread through polluted water and food. We encourage people to wash hands before cooking, eating and using toilets (rafa-e-hatat) to prevent the spread of disease. Children who are weak (have not had routine immunization) are more vulnerable.




Question:
Where does a caregiver take a child/baby for other immunizations?

The caregiver should take the child to the nearest health centre for additional immunizations. If a child has missed any polio drop, they should also go to the health centre.








Question:
Is the vaccine halal?

Yes, the vaccine is halal. Many Imams in Pakistan and internationally, including from Saudi Arabia, have certified the polio vaccine.




Question:
Have any Imams issued fatwas about polio vaccine?


Many Imams have issued fatwas instructing every child to receive the polio vaccine. There is a fatwa book that collects many of the fatwas issued. You may use this if a parent asks for proof that the vaccine is halal and endorsed by Islam.





Question:
Is the vaccine safe?

Yes, the polio vaccine is one of the safest vaccines in the world. It has been used in every country to eradicate polio.




Question:
What information does the door/house marking gives us?


The door/house marking tells us how many children were vaccinated, and if any children were missed. It also gives information on the vaccinator number, date and EPI reference.





Question:
What is vaccine?

Vaccine is a substance that is given to prevent people and children from getting disease.





Question:
How often should children receive polio vaccine?


Besides the routine immunization schedule for polio, children should receive vaccine in every campaign – normally once a month until they are 5 years old. Additional doses of polio vaccine protect a child – and other children around them – more effectively.




Question:
Why does the Government put so much emphasis on polio only?


Polio is one of very few diseases that can be finished forever. Pakistan and Afghanistan are the only two countries left in the world with polio. If one Pakistani child has polio, the whole world is at risk. If we can finish polio, we can show that other health problems in Pakistan can also be solved.






Question:
Why is the tally sheet used?

The tally sheet is important because it records each child to make sure that we reach every one. It is also important for supervising and planning the next campaigns.





اندراج شیٹ برائے پولیو کے خاتمے کی مہم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 145 | 109 | 73 | 37 | 1 |
| 146 | 110 | 74 | 38 | 2 |
| 147 | 111 | 75 | 39 | 3 |
| 148 | 112 | 76 | 40 | 4 |
| 149 | 113 | 77 | 41 | 5 |
| 150 | 114 | 78 | 42 | 6 |
| 151 | 115 | 79 | 43 | 7 |
| 152 | 116 | 80 | 44 | 8 |
| 153 | 117 | 81 | 45 | 9 |
| 154 | 118 | 82 | 46 | 10 |
| 155 | 119 | 83 | 47 | 11 |
| 156 | 120 | 84 | 48 | 12 |
| 157 | 121 | 85 | 49 | 13 |


Question:
To whom do we give the tally sheets at the end of each day?

We give the tally sheet to the Area in Charge (AIC) from our area. The information is then sent to the District, and then to the Provincial Government.




Question:
Is the way a vaccinator dresses important? Why?

Yes, it is important to wear clean, neat clothes when visiting the houses to give vaccine. This gives a positive impression to the caregiver and increase their trust in you.






# Question:

**How should the vaccinator greet the parents? Give an example / demonstrate.**

It is very important to be friendly, polite and to talk to people with respect. You should say your name and explain why you are there. If the caregiver is angry, you should continue to be polite.





Question:
How would you mark a household if a child is not at home or is travelling?

If there are children in the house under 5 years old who are temporarily not at home, you identify the number of children who were vaccinated (e.g. 0), and then mark the number of children <5 who should be vaccinated (e.g 3)

0/3


If the house is Locked, you place an "L" on the house.




Question:
What should you do if you find children in the street or playing outside?


When you find children in the street or playing outside you vaccinate them and mark their finger as well.





Question:
If a caregiver refuses to vaccinate the children how should you try to convince him/her?

If we cannot convince the caregiver to accept the vaccine, we refer to the FAQs on your sheet, or the fatwa booklet. If this does not work, we call the Area in Charge or the Social Mobilizer to visit the house and try to address the caregivers concerns.





Question:
What is a missed child?


A missed child is any child under 5 years of age who does not receive polio vaccine during the campaign. If we miss a child during the campaign, we return during "catch-up" days to vaccinate them.




Question:
Is it Ok that some children are not vaccinated during a polio campaign?


No. If even one child is not vaccinated during a campaign, all children are at risk of developing lifelong paralysis. Especially in areas like yours where the virus is active.




Question:
What is a micro plan? What is the objective of the micro plan? What are the most important elements of it?

A microplan gives us our plan for the campaign. The most important elements of a microplan are the map of the area, house locations, mobile population, places of gathering of people, and challenges of the last campaign that need to be fixed.




Question:
What could be the different reasons for people to refuse vaccinating their children? Give an example and reflect on the answer to give to the caregiver.

Some reasons people may give could be:

- I have no children under 5
- My child is sick
- My child is a newborn
- My child was already vaccinated in the last campaign
- Why are you only coming with polio drops?


Give an example of how you would respond to these scenarios.











Question:
What do you do if a parent asks you about the routine immunization schedule?

You explain that they should take their child to the nearest health centre for vaccination, and they should update or keep their Routine Immunization card.




Question:
What should you do if a caregiver tells you the child is sleeping and cannot be vaccinated?


Politely ask if she may wake the child up so that he/she may be protected. The child and their family may not be fully protected without all children receiving OPV every time.





Question:
Why do we continue to give repeated drops of OPV?

Every drop of polio vaccine protects the child further against permanent paralysis.  For polio to be stopped entirely, we protect our children until the virus is no longer circulating. Even if one child is vaccinated many times, and your neighbour's child is not, your child is at risk of contracting polio. Please vaccinate your child each time and ask your neighbours and family to do the same.




Question:
What should you do if a caregiver tells you the child is under 40 days old and cannot be vaccinated?

Politely ask if you may enter the household to vaccinate the child. Explain that the child is very vulnerable to polio and permanent paralysis without receiving OPV immediately after birth.




سوال:
مہم کے دوران ہم کس کو پولیو کے قطرے پلاتے ہیں؟

ہم پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو خواہ وہ گھر پر ہو یا گھر سے باہر،
پولیو ویکسین کے دو قطرے پلاتے ہیں۔









سوال:
بچے کو پولیو کے قطرے پلانے کے بعد کیا کرنا چاہیے؟

ہم ہر بچے کی انگلی پر نشان لگاتے ہیں اور دروازے پر ڈور مارکنگ کرتے ہیں
تاکہ ہمیں علم ہو کہ ہم نے کتنے بچوں کو قطرے پلائے ہیں۔




سوال:
کون سی انگلی پر نشان لگایا جاتا ہے؟

بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پر نشان لگایا جاتا ہے



RIGHT LEFT


سوال:
پولیو کیا ہے؟

پولیو ایک بیماری ہے جو انسان کے اعصابی نظام پر حملہ کرتی ہے
یہ عمر بھر کی معذوری کا باعث بن سکتی ہے





سوال:
پولیو کے اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

پولیو کے اثرات میں عمر بھر کی معذوری شامل ہے اسکا کوئی علاج نہیں۔





سوال:
کیا پولیو کا کوئی علاج ہے؟


پولیو کا کوئی علاج نہیں یہ ایک دفعہ ہو جائے تو عمر بھر ساتھ رہتا ہے۔




سوال:
پولیو کس طرح پھیلتا ہے؟

پولیو عام طور پر گندے پانی اور غذا کے ذریعے پھیلتا ہے۔ ہم اسی لیے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ کھانا پکانے، کھانے اور لیٹرین سے آنے کے بعد ہاتھ دھوئیں۔ ایسے بچے جو کمزور ہوتے ہیں؛ جنہیں حفاظتی ٹیکہ جات نہیں لگے ہوتے انہیں پولیو ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔




سوال:
سرپرست نوزائیدہ بچے کو حفاظتی ٹیکہ جات کے لیے کہاں
لے کر جاتے ہیں؟

سرپرست بچوں کو لے کر قریبی مرکز صحت جاتے ہیں اور انہیں حفاظتی ٹیکہ جات لگائے جاتے ہیں۔
اگر کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے رہ جائے تو اسے بھی مرکز صحت سے قطرے پلائے جا سکتے ہیں۔






سوال:
کیا پولیو ویکسین حلال ہے؟

جی ہاں پولیو ویکسین حلال ہے۔ دنیا بھر کے علماء جن میں سعودی عرب کے
جید علماء بھی شامل ہیں، پولیو ویکسین کے حلال ہونے کی سند دے چکے ہیں۔




سوال:
کیا کسی جید عالم نے پولیو ویکسین کے حق میں فتویٰ جاری کیا ہے؟

جی ہاں۔ کئی جید علماء نے پولیو ویکسین کے حق میں فتوے جاری کیے ہیں اور کہا ہے کہ ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلانے چاہیں۔ ایسے تمام فتووں کو ایک جگہ جمع کرنے کی غرض سے ایک کتاب مرتب کی گئی ہے جسے ''فتویٰ'' بکلیٹ کہا گیا ہے۔ آپ یہ کتابچہ ایسے والدین کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔ جو ویکسین کے حلال اور اسلام کے اصولوں کے مطابق ہونے کا ثبوت مانگیں۔





سوال:
کیا پولیو ویکسین محفوظ ہے؟

جی ہاں۔ پولیو ویکسین دنیا کی محفوظ ترین ویکسینوں میں سے ایک ہے۔
یہ دنیا کے ہر ملک میں پولیو کے خاتمے کے لیے استعمال کی گئی ہے۔
اس کے کوئی مضر اثرات نہیں ہیں۔




سوال:
ڈور مارکنگ ہمیں کیا معلومات فراہم کرتی ہے؟

ڈور مارکنگ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ کتنے بچوں کو قطرے پلائے گئے ہیں اور کتنے قطروں سے محروم رہ گئے ہیں۔اس کے علاوہ یہ ٹیم نمبر، تاریخ اور ای پی آئی کا ریفرنس نمبر بھی بتاتی ہے۔






سوال:
ویکسین کیا ہے؟

ویکسین ایک ایسا مادہ ہے جو بڑوں اور بچوں کو بیماریوں سے تحفظ کے لیے دیا جاتا ہے۔




سوال:
بچوں کو کتنی دفعہ پولیو کے قطروں کی خوراک پلانی چاہیے؟


حفاظتی ٹیکوں کے شیڈول کے علاوہ بچوں کو ہر مہم میں پولیو کے قطرے پلانے چاہئیں۔
عموماً ہر مہینے میں ایک بار۔ پولیو کی ایک اضافی خوراک بچے کو اور اسکے اردگرد موجود باقی
بچوں کو محفوظ رکھنے میں موثر کردار ادا کرتی ہے۔






سوال:
حکومت پاکستان صرف پولیومہم پر اتنا زور کیوں دیتی ہے؟

پولیوان چند بیماریوں میں سے ہے جنکا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ممکن ہے۔ پاکستان اور افغانستان وہ واحد مما لک ہیں جہاں پولیو کا مرض پایا جاتا ہے۔ اگر پاکستان میں کسی ایک بھی بچے کو پولیو کا مرض ہو تو اس سے پوری دنیا خطرے میں ہے۔ اگر ہم پاکستان سے پولیو کا مرض ختم کر دیں تو ہم دنیا کو یہ بتا سکتے ہیں کہ ہمارے دیگر صحت کے مسائل بھی حل ہو سکتے ہیں۔




سوال:
ٹیلی شیٹ کیا ہے اور یہ کیوں استعمال ہوتی ہے؟


ٹیلی شیٹ اس لیے ضروری ہے کیونکہ اس میں ہر اس بچے کی معلومات شامل ہیں جس کو پولیو کے قطرے پلائے یا نہ پلائے گئے ہوں۔ اس کے علاوہ یہ اگلی مہم کی تیاری اور اسکی منصوبہ بندی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔


اندراج شیٹ برائے پولیو کے خاتمے کی مہم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 37 | 73 | 109 | 145 |
| 2 | 38 | 74 | 110 | 146 |
| 3 | 39 | 75 | 111 | 147 |
| 4 | 40 | 76 | 112 | 148 |
| 5 | 41 | 77 | 113 | 149 |
| 6 | 42 | 78 | 114 | 150 |
| 7 | 43 | 79 | 115 | 151 |
| 8 | 44 | 80 | 116 | 152 |
| 9 | 45 | 81 | 117 | 153 |
| 10 | 46 | 82 | 118 | 154 |
| 11 | 47 | 83 | 119 | 155 |
| 12 | 48 | 84 | 120 | 156 |
| 13 | 49 | 85 | 121 | 157 |


سوال:
دن کے اختتام پر ہم ٹیلی شیٹ کس کے حوالے کرتے ہیں؟

ہم ٹیلی شیٹ اپنے علاقے کے ایریا انچارج کو دیتے ہیں۔
یہ معلومات پھر ضلع اور صوبائی حکومت کو پہنچتی ہیں۔




سوال:
کیا پولیو ٹیم ممبر کے لباس پہننے کا انداز اہم ہے اور کیوں؟

جی ہاں! یہ بہت ضروری ہے کہ پولیو ٹیم ممبر گھر گھر جا کر قطرے پلانے کے دنوں میں صاف ستھرا لباس پہنے۔ یہ گھر والوں پر ایک مثبت تاثر چھوڑتا ہے اور دور کر پر انکے اعتماد میں اضافہ کرتا ہے۔






## سوال:


ایک پولیو ٹیم ممبر کو والدین کے ساتھ رابطے کا آغاز کس طرح کرنا
چاہئے؟ مثال سے واضح کریں۔

یہ بہت ضروری ہے کہ پولیو ٹیم ممبر کا رویہ مہذب اور دوستانہ ہو اور وہ دوسروں کے ساتھ احترام سے گفتگو کرے۔ پولیو ممبر کو سب سے پہلے سلام کرنا چاہیے، اپنا تعارف کروائے اور اپنے آنے کا مقصد بتائے۔




سوال:
آپ اس گھر پر ڈور مارکنگ کیسے کریں گے جس میں بچہ گھر
پر نہ ہو یا سفر پر گیا ہو؟


اگر کسی گھر میں ایسے بچے ہیں جو پانچ سال سے کم ہیں اور عارضی طور پر گھر پر موجود نہ ہوں تو پولیو ٹیم ممبر پولیو کے قطرے پینے والے بچوں کی تعداد کا تعین کرے مثلاً 0/3 اور اگر گھر پر تالا لگا ہو تو "L" سے واضح کریں۔





سوال:
اگر کچھ بچے گلی میں یا گھر سے باہر کھیلتے نظر آئیں
تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

اگر بچے گلی میں یا گھر سے باہر کھیلتے ملیں تو ہمیں ان کو بھی پولیو ویکسین پلا
کر ان کی انگلی پر نشان ضرور لگانا چاہیے۔





سوال:
اگر والدین اپنے بچوں کو پولیو ویکسین پلانے سے انکار کردیں
تو آپ کس طرح انہیں فیصلہ تبدیل کرنے پر رضامند کر سکتے ہیں؟


ایسے والدین کو قائل کرنے لیے ہم FAQ's اور فتویٰ بکلیٹ کی مدد سے انکی غلط فہمیاں دور کریں گے۔ اگر وہ پھر بھی نہ راضی ہوں تو ایریا انچارج یا اس علاقے کے سوشل موبلائزر سے رابطہ کریں گے تا کہ وہ انکاری والدین کو قائل کریں۔





سوال:
قطرے پینے سے محروم بچہ (مسڈ چائلڈ) کسے کہتے ہیں؟

ہر وہ پانچ سال سے کم عمر بچہ / بچی جس نے مہم کے دوران پولیو سے بچاو کے قطرے نہیں پیئے مسڈ چائلڈ کہلاتا ہے۔ مہم کے دوران اگر کسی بھی وجہ سے کوئی بچہ ویکسین سے محروم رہ جائے تو ہم کیچ اپ کے دنوں میں ان گھروں میں جا کر ان بچوں کو قطرے پلائیں گے




سوال:
کیا یہ قابل قبول بات ہے کہ مہم کے دوران چند بچے
پولیو کے قطرے نہ پیئیں؟

نہیں اگر ایک بھی بچہ پولیو کے قطروں سے محروم رہ جائے تو ملک کے تمام بچوں کو پولیو اور زندگی بھر کی معذوری کا خطرہ ہے۔ خاص طور پر ایسے علاقوں میں جہاں وائرس موجود ہو جیسے آپکا علاقہ۔




سوال:
مائیکروپلان کیا ہے اور اسکا مقصد کیا ہے؟ اور مائکروپلان کے
کون سے حصے ضروری ہیں؟

مائیکرو پلان، ہر مہم کا طے شدہ پروگرام بتاتا ہے۔ اس کے ضروری حصے ہیں جیسے علاقے کا نقشہ، گھروں کی جگہ، خانہ بدوش آبادیاں۔ لوگوں کے اکٹھے ہونے کی جگہ اور پچھلی مہم کے وہ مسائل جن کو توجہ کی ضرورت ہے۔




سوال:
کسی سرپرست کی جانب سے اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے
نہ پلانے کی کیا وجوہات ہوسکتی ہیں؟ مثال دیجیے اور ایسے
سرپرستوں کو آپ کس طرح قائل کریں گے؟

کچھ وجوہات جو سرپرست بیان کر سکتے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

میرے گھر میں پانچ سال سے کم عمر بچے نہیں۔

میرا بچہ بیمار ہے ۔

میرا بچہ نوزائیدہ ہے ۔


میرے بچے کو گذشتہ مہم میں پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں۔


آپ صرف پولیو کے قطرے پلانے ہی کیوں آتے ہیں۔










سوال:
اگر سرپرست پولیو ٹیم ممبر سے حفاظتی ٹیکوں کے شیڈول کے بارے میں
معلومات حاصل کرنا چاہیں تو ایسی صورت حال میں پولیو ٹیم ممبر کو کیا کرنا
چاہیے؟

آپ انہیں بتائیں کہ وہ اپنے بچوں کو قریبی مرکزِ صحت لے کر جائیں اور انہیں حفاظتی ٹیکے لگوائیں۔ بچوں کا حفاظتی ٹیکوں کا کارڈ سنبھال کر رکھیں اور ہر ٹیکے کے بعد کارڈ پر اندراج کرائیں۔




سوال:
اگر سرپرست کہے کہ اس کا بچہ سو رہا ہے اور اسے قطرے
نہیں پلائے جا سکتے تو آپ کیا کریں گے؟

نرمی سے پوچھیئے: کیا وہ اپنے بچے کو جگا کر قطرے پلا لیں گی تا کہ وہ پولیو سے محفوظ ہو جائے؟

درحقیقت بچہ اور خاندان ہر مرتبہ  قطرے پیئے بغیر پولیو سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔




سوال:
ایسی صورت حال میں آپ کیا کریں گے اگر سرپرست آپ سے
کہے کہ میرا بچہ چالیس دن سے کم عمر ہے وہ قطرے نہیں پی سکتا/سکتی؟

نرمی سے پوچھیئے: کیا میں گھر میں داخل ہو کر بچے کو قطرے پلا سکتا/سکتی ہوں اس بات کی وضاحت کریں کہ پیدائش کے فوراً بعد قطرے نہ پینے سے آپ کے بچے پر پولیو کے حملے کا خطرہ بہت بڑھ جائیگا جو عمر بھر کی معذوری کا باعث بن سکتا ہے




سوال:
ہم بار بار پولیو کے قطرے کیوں پلاتے ہیں؟

پولیو کے قطروں کی ہر خوراک بچے کو عمر بھر کی معذوری سے مسلسل تحفظ فراہم کرتی ہے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اس وقت تک پولیو کے قطرے پلاتے رہیں جب تک کہ پولیو وائرس کا مکمل خاتمہ نہ ہو جائے۔ یاد رہے اگر آپکا بچہ ہر مرتبہ قطرے پیئے مگر آپ کے پڑوس میں موجود بچہ قطرے نہ پیئے تو آپکا بچہ بھی پولیو سے متاثر ہو سکتا ہے۔ آپ سے التجاء ہے کہ آپ بچوں کو ہر مرتبہ پولیو کے قطرے پلائیں اور اپنے خاندان اور محلے کے لوگوں کو بھی کہیں کہ وہ ہر مرتبہ یہ قطرے اپنے بچوں کو پلائیں۔

